# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 20 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰؍اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں**

- ☆ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت ایک کروڑ چار لاکھ مستفیدین کے کھاتوں میں پہلے اور دوسرے ہفتے کی رقم جمع ' وزیراعلیٰ کی اطلاع
- ☆ مراٹھا ریزرویشن سے متعلق منوج جرانگے کے نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس پر لگائے گئے الزام کو وزیراعلیٰ نے کیا مسترد
- ☆ ریاستی اِدارے برائے تعلیم و تربیت کی جانب سے دھاراشیو ضلع کے پانچ مقامات پر جرمن زبان کی تعلیم کے مراکز شروع کرنے کا فیصلہ

اور

- ☆ ریاست کے اکثر مقامات پر کل بارش ہوئی' ہنگولی اور بلڈھانہ ضلعوں میں بجلی گرنے سے دو خواتین ہلاک

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت اہل قرار دیے گئے ایک کروڑ چار لاکھ مستفیدین کے بینک کھاتوں میں پہلے اور دوسرے ہفتے کی رقومات جمع کی گئی ہے۔ممبئی میں کل وزیراعلیٰ کی سرکاری رہائش گاہ پر کشا بندھن تہوار منایا گیا۔اِس موقع پر وہ مخاطب تھے۔ ریاست بھر سے تقریباً ایک ہزار خواتین وزیراعلیٰ شندے کو راکھی باندھنے کے لیے آئی تھی۔انھوں نے کہا کہ خواتین کے کھاتوں میں جمع رقم مستفیدین کے علاوہ کوئی بھی نہیں نکال سکتا۔کاغذات اور تکنیکی خرابی کی وجہ سے جنھیں پیسے نہیں ملے ہیں اُن کے مسائل دور کرکے انھیں فائدہ جلد ہی پہنچے گا۔انھوں نے عندیہ ظاہر کیا کہ لاڈلی بہن اسکیم کی رقم بڑھائی جائے گی اور اُمید مہم کی خواتین کے مسائل دور کرنے کے لیے جلد ہی خصوصی میٹنگ منعقد کی جائے گی۔

***** ***** *****

نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے کہا کہ ریاست کی خاتون آج اپنے پیروں پر کھڑی ہونے کی کوشش کر رہی ہے۔اُن کے ساتھ حکومت کھڑی رہے اِسی لیے وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم لائی گئی ہے۔کل ممبئی میں راشٹروادی کانگریس کے جن سمان یاترا کے موقع پر منعقدہ پروگرام سے وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے اپیل کی ہے کہ اِس کے بعد بھی ایسی اسکیمیں چلانے کے لیے مہایوتی کے ساتھ رہیں اِس طرح کی اپیل انھوں نے کی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں وزیرِاعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت اہل خواتین کو فائدہ ملا ہے۔ اِس مدد کی وجہ سے خواتین نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

بہن بھائی کے رشتہ کو مضبوط کرنے والا تہوار رکشا بندھن کل ملک بھر میں جوش وخروش سے منایا گیا۔ کل صبح سے ہی بہنوں نے اپنے بھائیوں کو راکھی باند کر اُن کی لمبی عمر کی دعا کی۔ مختلف سیاسی پارٹیوں اور تنظیموں کی جانب سے رکشا بندھن کی تقاریب منعقد کی گئی رکشا بندھن کے موقع پر مختلف سماجی ، ثقافتی اور مذہبی تنظیموں کی نمائندوں نے گورنر سی پی رادھا کرشن سے راج بھون ممبئی میں ملاقات کر کے انھیں راکھی باندھی۔ اِس موقعے پر گورنر نے رکشا بندھن کی مبارکباد دی۔

پال گھر ضلع کے سیوا و یک دیہی ترقیمر کز کی آدیواسی بانس کی خواتین کاریگروں نے گورنر کو بانس سے تیار کی گئی ماحول دوست راکھی باندھی۔

***** ***** *****

نائب وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا کہ مراٹھا سماج کے لیے وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے کے ذریعے لیے گئے فیصلوں کی ہم نے ہمیشہ حمایت کی ہے۔ لیکن منوج جرانگے پاٹل یہ غلط بیان بازی کر رہے ہیں۔ وزیرِاعلیٰ مراٹھا ریزرویشن اور قریبی رشتہ داروں جیسے تمام مسائل حل کرنے کے خواہشمند ہیں لیکن پھڑنویس انھیں کام نہ کرنے دینے کا الزام جرانگے پاٹل نے عائد کیا۔ اِس پر پھڑنویس نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔ پھڑنویس نے کہا کہ مراٹھا ریزرویشن سے متعلق کوئی بھی فیصلہ کی ہم نے اگر حمایت نہ کی اِس طرح اگر وزیرِاعلیٰ کہتے ہیں تو میں استعفیٰ دے کر سیاست سے سبک دوش ہو جاؤں گا۔

دریں اثناء وزیرِاعلیٰ شندے نے جرانگے کے الزام کو مسترد کیا۔ کل ممبئی میں نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ دیویندر پھڑنویس جب وزیرِاعلیٰ تھے اُس وقت مراٹھا سماج کو ریزرویشن دینے کا فیصلہ انھوں نے کیا تھا۔ پھڑنویس مراٹھا سماج کی مخالفت کرتے ہیں یہ الزام پوری طرح غلط ہے۔

***** ***** *****

تحریک امداد باہمی کے محرک پدم شری ڈاکٹر وٹھل راؤ وکھے پاٹل کی یاد میں دیا جانے والے ریاستی سطح کے ادب اور میرٹ ایوارڈ کی تقسیم کل احمد نگر میں عمل میں آئی۔ کل ہند مراٹھی ساہتیہ سمیلن کے نومنتخب صدر دیویندر شو بھنے پروگرام کے صدر تھے۔ جبکہ مرازی مملکتی وزیر آیوش پرتاپ راؤ جادھو مہمان خصوصی تھے۔ سینئر ادیب اور مفکر پریمانند گجوی کو لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ دیا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی اِدارے برائے تعلیم وتربیت کی جانب سے دھاراشیو کے پانچ مقامات پر جرمن زبان کی تعلیم کے مراکز شروع کیے جانے کی اطلاع ضلع تعلیم وتربیت اِدارے کے پرنسپل دیانند جٹ نورے نے دی۔ انھوں نے کہا کہ جرمنی کو پانچ لاکھ افرادی قوت پہنچانے کے ضمن میں ریاستی حکومت کا معاہدا ہوا ہے اِسی کے مرحلے کے طور پر یہ مہم شروع کی گئی ہے۔ خواہش مندوں سے آن لائن اندراج کی اپیل جٹ نورے نے کی ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

شعبہ محصول کے پندرہ روزہ پروگرام کے تحت بیڑ میں کل ایک دوڑ حفاظت کی مہا میراتھان منعقد کی گئی۔امبیکا چوک تا سنت سیوالال مہاراج چوک راستہ سے گزرنے والی میرتھان کو ضلع اسپورٹس افسر پنڈت چوہان نے ہری جھنڈی دکھائی۔حفاظت کے نقطہ نظر سے مختلف عوامی بیداری کے پیغامات اِس موقعے پر دیے گئے۔خواتین سمیت سابق فوجی ، طلباء نے اِس مقابلے میں کثیر تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں مہا تما جیوتی با پھلے ریسرچ وتربیت اِدارے مہا جیوتی کی جانب سے مختلف اسکیمیں عمل میں لائی جاتی ہے اِس کے لیے تصویری رتھ سے عوامی بیداری کی جاتی ہے۔ اِس تصویری رتھ کو کل انچارج ایڈیشنل کلکٹر سنگیتا ٹکلے نے ہری جھنڈی دکھائی۔ یہ تصوویری رتھ ضلع کے دیہی علاقوں میں جا کر اسکیموں کی معلومات دے گا۔

***** ***** *****

آئین بیداری یاترا کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر والمک گائیکواڑ نے کہا کہ ملک میں آئین کو صحیح انصاف بھارتی جنتا پارٹی اور وزیراعظم نریندر مودی نے دیا ہے۔آئین بیداری یاترا کی کل دھاراشیو ضلعے کے تلجاپور میں آمد ہوئی اِس موقع پر وہ مخاطب تھے۔اِس موقع پر رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل سمیت بی جے پی کے دیگر کارکنان موجود تھے۔

***** ***** *****

ریاست کے کئی مقامات پر کل بارش ہوئی۔مراٹھواڑہ کے چھترپتی سنبھاجی نگر اور دھاراشیو میں کچھ دیر کے لیے زوردار بارش ہوئی۔جالنہ شہر و اطراف سمیت ضلعے کے منٹھا اور پرتور تعلقوں میں کل دوپہر زوردار بارش ہوئی۔اِس بارش کے سبب پرتور تعلقے کے کئی علاقوں کی ندیوں اور نالوں میں طغیانی آگئی۔جبکہ بارش کے باعث خریف کی فصلوں کو نئی زندگی ملنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔دھاراشیو شہر میں بھی گزشتہ شب تقریباً دو گھنٹے موسلا دھا بارش ہوئی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے سین گاؤں تعلقے کے ساکھرا میں بجلی گرنے سے ایک کاشتکار خاتون کی موت واقع ہوگئی جبکہ اِس حادثے میں مذکورہ خاتون کا شوہر شدید زخمی ہوگیا اور ہنگولی کے سرکاری اسپتال میں اس کا علاج جاری ہے۔

ناسک، اکولہ اور بلڈانہ اضلاع میں بھی کل زوردار بارش ہوئی۔طوفانی ہواؤں کے ساتھ ہوئی اِس بارش سے ملکاپور تعلقے کے مہیس واڑی میں پشپارانے نامی مزدور خاتون کے جسم پر بجلی گرنے سے اُس کی موت واقع ہوگئی جبکہ دیگر ایک خاتون شدید زخمی ہوگئی۔

دریں اثناء آئندہ دو دنوں میں وسطی مہاراشٹر کے بیشتر مقامات سمیت کوکن، مراٹھواڑہ اور وِدربھ کے اکثر علاقوں میں بارش ہونے کی پیشن گوئی محکمہ موسمیات نے کی ہے۔اِس دوران کوکن اور وسطی مہاراشٹر کے کچھ مقامات پر زوردار بارش ہونے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

ناگپور کے قومی کینسر ادارے میں مراقش میں کینسر کے مریضوں کے علاج اور وہاں کے اسپتالوں میں صحت کے کارکنوں اور نرسوں کی تربیت کے سلسلہ میں کل ایکم معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ مراقش کے مرکزی وزیر ایلین گانو اور نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں اِس معاہدے پر دستخط ہوئے۔

***** ***** *****

ملک کے 70 / سے زائد پدم ایوارڈ یافتہ ڈاکٹروں نے ایک خط لکھ کر وزیر اعظم نریندر مودی سے درخواست کی ہے کہ وہ کولکتہ میں ایک خاتون ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے معاملے کو دیکھیں۔ تشدد کے اس طرح کے واقعات طبی شعبے کی بنیادوں کو ہلا دیتے ہیں۔ خواتین وصحت ملازمین کے خلاف تشدد سے نمٹنے کی فوری ضرورت ہے۔

دریں اثناء مغربی بنگال کے گورنر سی وی آنند بوس نے ریاست کے تمام میڈیکل کالج واسپتالوں کو اپنے احاطے میں حفاظتی انتظامات بڑھانے کی ہدایت دی ہے اور خواتین ڈاکٹروں اور دیگر ملازمین کی حفاظت کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

کولکاتا میں خاتون ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے معاملے کا عدالت عظمیٰ نے سخت نوٹس لیا ہے اور آج اِس معاملے میں عدالتِ عظمیٰ سنوائی کرے گی۔ چیف جسٹس دھننجئے چندر چوڑ کی سربراہی والی اِس سہ رکنی بینچ نے جسٹس جے بی پارڈی والا اور جسٹس منوج مشرا شامل ہیں۔

***** ***** *****

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر**

☆ **وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت ایک کروڑ چار لاکھ مستفیدین کے کھاتوں میں پہلے اور دوسرے ہفتے کی رقم جمع ' وزیر اعلیٰ کی اطلاع**

☆ **مراٹھا ریزرویشن سے متعلق منوج جرانگے کے نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس پر لگائے گئے الزام کو وزیر اعلیٰ نے کیا مسترد**

☆ **ریاستی اِدارے برائے تعلیم وتربیت کی جانب سے دھاراشیو ضلع کے پانچ مقامات پر جرمن زبان کی تعلیم کے مراکز شروع کرنے کا فیصلہ**

**اور**

☆ **ریاست کے اکثر مقامات پر کل بارش ہوئی' ہنگولی اور بلڈھانہ ضلعوں میں بجلی گرنے سے دو خواتین ہلاک**

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔